بطور مہمان اعزازی بیسٹل ڈے پریڈ میں شرکت کے لیے وزیر اعظم کا پیرس، فرانس کا دورہ۔

05 مئی 2023

ہندوستان-فرانس اسٹریٹجک پارٹنرشپ کی 25 ویں سالگرہ کے موقع پر، وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے فرانسیسی صدر عزت مآب جناب ایمانوئل میکرون کی طرف سے پیرس میں 14 جولائی 2023 کو اس سال کی بیسٹل ڈے پریڈ میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی دعوت قبول کر لی ہے۔

اس اہم سنگ میل کو یادگار بنانے کے لیے، ہندوستانی مسلح افواج کا دستہ اپنے فرانسیسی ہم منصبوں کے ساتھ پریڈ میں شرکت کرے گا۔ وزیر اعظم کے دورے سے ہمارے اسٹریٹجک، ثقافتی، سائنسی، علمی، اقتصادی تعاون بشمول صنعتوں کی ایک وسیع رینج کے لیے نئے اور جرات آمیز اہداف طے کر کے ہندوستان-فرانس اسٹریٹجک پارٹنرشپ کے اگلے مرحلے کی شروعات کی توقع ہے۔

ہندوستان اور فرانس کا امن اور سلامتی کے بارے میں مشترکہ نقطہ نظر ہے، بالخصوص یورپ اور ہند-بحرالکاہل میں اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے مقاصد اور اصولوں کو برقرار رکھتے ہیں، جو کہ ہند-بحرالکاہل خطے میں ہمارے تعاون کی بنیاد بھی ہیں۔

یہ تاریخی دورہ ہمارے وقت کے اہم چیلنجوں بشمول موسمیاتی تبدیلی، حیاتیاتی تنوع کے نقصان اور پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کا جواب دینے کے لیے مشترکہ اقدامات بھی کرے گا، اور یہ ہندوستان اور فرانس کے لیے ایک موقع ہوگا کہ وہ کثیرالجہتی کے تئیں بشمول ہندوستان کی G20 صدارت کے تناظر میں اپنی وابستگی کا اعادہ کریں۔

نئی دہلی

مئی 2023 05